سوال

(258) سحری کی اذان کہنا سنت ہے یا بدعت؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سحری کی اذان کہنا سنت ہے یا بدعت؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سحری کی اذان کہنا ثابت نہیں۔ البتہ سحری کے وقت میں اذان دینا ثابت ہے۔ جس کے حدیث میں دو مقصد بیان ہوئے ہیں۔ تہجد گزار نماز سے فارغ ہوجائے، اور سویا ہوا بیدار ہو جائے۔ (اور فجر کی تیاری کرلے) گویا کہ من وجہ اس اذان کا تعلق نمازِ صبح سے ہے نہ کہ تہجد یا سحری سے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ: 241

محدث فتویٰ